نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تیار کردہ منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے پلان کو حتمی شکل دی گئی

لاہور:29مارچ2024(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق تیار کیے گئے منصوبوں پر عملدرآمد بارے پلان کو حتمی شکل دی گئی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر کپاس، گندم اور چاول کی فصل پر ریسرچ وڈویلپمنٹ کیلئے کل تین عدد سینٹر آف ایکسیلنس قائم کئے جا رہے ہیں۔60فیصد سبسڈی پر 56 اقسام کے زرعی آلات کاشتکاروں کو فراہمی شفاف قرعہ اندازی کے ذریعے کی جارہی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ صوبہ پنجاب میں نجی شعبہ کے اشتراک سے ماڈل ایگریکلچر سینٹرز کا قیام عمل میں لایا جارہا ہے۔اس کے علاوہ صوبہ پنجاب میں کل 7300 کھالہ جات کو پختہ کیا جا رہا ہے۔کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات وکھاد کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے فرٹیلائزر کنٹرول ایکٹ 2024 کا ڈرافٹ منظوری کیلئے تیاری کے مراحل میں ہے اور پنجاب پیسٹی سائیڈز ایکٹ 2012 میں ترمیم شدہ ڈرافٹ کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔انھوں نے بتایا کہ صوبہ میں میکانائزیشن کے فروغ کیلئے کسانوں کو دو سال میں 7ارب روپے کی خطیر رقم سے 24ہزار 800جدید زرعی آلات فراہم کیے جائیں گے۔اس کے علاوہ معیاری بیج کی دستیابی کیلئے پنجاب سیڈ کارپوریشن کی تشکیلِ نو کی جارہی ہے اور پنجاب ایگریکلچر کمیشن کو دوبارہ فعال کیا جارہا ہے۔شعبہ زراعت توسیع کے روابط کاشتکاروں سے مزید مضبوط کرنے کیلئے زرعی گریجوایٹس کی کنٹریکٹ پر بھرتی کی جائے گی۔اجلاس میں مینجنگ ڈائریکٹر پنجاب سیڈ کارپوریشن شان الحق، اسپشل سیکرٹری زراعت (مارکیٹنگ) پنجاب ڈاکٹر محمد شہنشاہ فیصل عظیم،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ایڈمن) پنجاب اعجاز منیر،ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید،ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب میاں عبدالقادر شاہ،ڈائریکٹر جنرل پامرا طارق محمود، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت ڈاکٹر انجم علی،ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر اشیاق حسن،ڈائریکٹر جنرل (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم،ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) انجینیر احمد سہیل،ڈائریکٹر جنرل (کراپ رپورٹنگ) ڈاکٹر عبدالقیوم،ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب ڈاکٹر غلام عباس اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران کی شرکت کی۔

☆☆☆☆